سوال

اضطراری کیفیت کی تحدید۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مردار کتنے دن کے بھوکے رہنے کے بعد کھانے کی اجازت ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس میں شریعت نے نہ تو دنوں کی تحدید کی ہے اور نہ ہی ایسا کرنا ممکن ہے کیونکہ یہ معاملہ ہر فرد کی اپنی طبیعت پر منحصر ہے۔ بعض زیادہ برداشت کر سکتے ہیں تو بعض ذرا کم۔ جب انسان یہ محسوس کرے کہ اگر اس نے مردار نہ کھایا تو اس کی زندگی ختم ہو سکتی تو تب اسے شریعت نے اضطراری حالت میں مردار کھانے کی اجازت دی ہے،تاکہ وہ اپنی جان بچا سکے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ